# 21649 - حرام میں استعمال ہو سکنے والی اشیاء کی فروخت

**سوال**

میری والدہ کی ریڈیو، ٹیلی ویژن، اور گاڑیوں کے الارم جیسے آلات، اور شیشوں کو سیاہ کرنے اور تصاویر لگانے، اور سپیکر اور آواز قوی کرنے والے آلات وغیرہ کی دوکان ہے، کیا اس قسم کا کام کرنا حلال ہے؟
ہم امریکہ میں رہائش پذیر ہیں اور گاہکوں کی اکثریت اپنی گاڑیوں کو خوبصورت بنانے اور موسیقی کی آواز بلند کرنا چاہتے ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جب یہ معلوم ہو جائے کہ یہ تجارت ان خریداروں کی بے ہودگی اور ہیجڑا پن میں مددگار ثابت ہو گی اور یہ موسیقی اور گانے سننے میں استعمال ہوگی تو ان کو یہ اشیاء فروخت کرنا جائز نہیں.

لیکن اگر ان اشیاء کا حلال اور مباح کاموں میں استعمال ممکن ہو اور یہ معلوم نہ ہو سکے کہ خریدار اسے حرام کام میں استعمال کرے گا، تو اس کی تجارت اور اسے فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور جب کسی پر اعتدال کی علامات دیکھے اور اس میں احترام کی صفات بھی ہوں تو اسے فروخت کردے، اور جب کوئی ایسا گاہك آئے جس میں فساد اور بے نشہ اور فسق و فجور کی علامات پائی جاتی ہوں تو اس سے صرف نظر کرتے ہوئے اسے یہ اشیاء فروخت نہ کرے.